© rasailojaraid.com

آپ ان بزرگوں میں سے ہیں جن کی صحبتِ یک نفس بھی دل میں ایمان و یقین کی قندیل روشن کردیتی ہے۔ اس بنا پر آپ کا ایک ایک ملفوظ اور ایک ایک گفتار، بچوں کی سی بھولی بھالی باتوں اور فضول کہانیوں کے پیرایہ میں۔ زندگی کے معنوی پہلو کی حقیقی تفسیر ہوتا ہے اس لئے بقول "ذکرِ حبیب کم نہیں وصلِ حبیب سے" اس کتاب کا مطالعہ روحانی سرور و نشاط کا باعث ہوگا۔"

سیرت بندہ نواز۔ از جناب سید غلام مصطفےٰ قادری چشتی تقطیع خورد ضخامت ۵۶ صفحات کتابت وطباعت غنیمت۔ قیمت اور پتہ درج نہیں ہے

خواجہ بندہ نواز گیسو دراز آٹھویں صدی ہجری کے ایک بہت نامور اور بلند پایہ بزرگ تھے۔ شیخ نصیر الدین چراغ دہلوی سے بیعت تھے۔ سو سے زیادہ رسالے آپ کے چکیدۂ قلم ہیں اور ان سب کے موضوع معرفت وطریقت اور اسرار الٰہی ہیں۔ زیرِ تبصرہ رسالہ دراصل ایک مقالہ ہے جو عثمانیہ یونیورسٹی کے شعبۂ اسلامیات کے ایک جلسہ میں پڑھا گیا تھا۔ اس میں جناب خواجہ کے روحانی اور عرفانی اوصاف و کمالات کا ذکر ہے۔ اگر مقالہ نگار اپنے مآخذ کا صحیح حوالہ بھی دیدیتے تو مقالہ علمی حیثیت سے بھی معتبر ہوجاتا۔

"معاونین کی فیس میں اضافہ"

بے تحاشہ گرانی سے مجبور ہو کر حضراتِ ممبران کی سالانہ فیس میں حسب ذیل اضافہ کیا گیا ہے، اضافہ جنوری ۱۹۷۰ء سے ہے۔

(۱) معاونین خاص چالیس ۴۰ روپے سالانہ کے بجائے پچاس ۵۰ روپے سالانہ،

(۲) معاونین عام — پچیس ۲۵ روپے سالانہ کے بجائے تیس ۳۰ روپے سالانہ

(۳) احباء — پندرہ ۱۵ روپے سالانہ کے بجائے بیس ۲۰ روپے سالانہ

ممبری کے قواعد وضوابط کی کاپی دفتر سے طلب فرمائیں۔

مینیجر ندوۃ المصنفین اردو بازار جامع مسجد دہلی ۶

نوٹ جنوری ۱۹۷۰ء کا برہان ۹ مارچ ۱۹۷۰ء کو ارسال ہوگا جن حضرات کو اب نہ ملا ہو مطلع فرمائیں منیجر

© rasailojaraid.com